سوال

(88) کیا ہر مسلمان کو قبر میں دفنانا ضروری ہے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ہر مسلمان کو قبر میں دفنانا ضروری ہے لیکن جو میت پانی میں ختم ہو جائے یا کوئی درندہ کھا جائے یا آگ میں جل جائے تو اس سے قبر کا سوال جواب یا عذاب، ثواب اور قیامت کو قبروں سے اٹھنا کیسے ہو گا؟ (محمد حسین تابانی ورحمت اللہ حقانی راجووال) (١٦ جنوری ١٩٩٨ء)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جو شخص پانی میں غرق ہو جائے یا درندہ کھا جائے یا آگ وغیرہ میں جل جائے اس سے بھی قبر کا سوال و جواب ہو گا۔ کیونکہ اس کی قبر وہی ہے جہاں یہ پہنچ چکا ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد:3،کتاب الجنائز:صفحہ:145

محدث فتویٰ